آداب ۔یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینشیخ یاسین
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔
*....وزیر اعظم اور انڈونیشیاکے صدر کے مابین وفد ی سطح کی بات چیت// نریندر مودی، انڈونیشیا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے سرفراز۔
*....لیفٹنٹ گورنر نے ٹھاٹھری ڈوڈہ میں بادل پھٹنے سے پیداشدہ صورتحال کا لیا جائزہ//متاثرین کو فوری ریلیف واگذار کرنے کی ہدایت۔
*....وزیراعلیٰ کا نوجوانوں کیلئے محفوظ اور بااعتباسمندر پار پلیسمنٹ کو یقینی بنانے پرزور۔
اور
*....سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پرجاری۔

PM:
وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان مضبوط تزویراتی شراکت داری پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے نہ صرف دونوں ملکونمیں خوشحالی بڑھے گی بلکہ ساتھ ہی علاقائی اور عالمی امن واستحکام کو بھی فروغ ملے گا۔
جکارتا میں انڈونیشائی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان صدیوں پرانے تعلقات میں جو ایک جیسے جمہوری اقدار، باہمی اعتماد اور مستقبل کیلئے مشترکہ نظریہ رکھتے ہیں۔
وزیراعظم نے کہا کہ بھارت امن واستحکام، ترقی اور خوشحالی میں یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے دہشتگردی کے خلاف مجموعی کاروائی کرنے کی ضرورت اجاگر کی۔انہوں نے بھارت۔بحرالکاہل کے ساتھ ساتھ عالمی خطہ جنوب میں بھی استحکام برقر ارکھنے پر زوردیا۔

کے ساتھ Prabowo Subianto اس سے پہلے وزیرا عظم نے جکارتا میں انڈونیشیا کے صدر دوطرفہ تعلقات کے پورے منظر نامے کا جائزہ لینے اور دونوں ملکوں کے درمیان جامع دفاعی شراکت داری کو نئی رفتار دینے کیلئے وفد کی سطح کی بات چیت کی۔
-----Byte PM-----
Bitang دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مودی کو آج انڈونیشیا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے نوازا گیا۔ Adipurana

LGڈوڈہ:

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے ڈوڈہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضلعے کے ٹھاٹھری علاقے میں بادل پھٹنے کے نتیجے میں متاثر ہوئے کنبوں کو فوری طور سے ریلیف اور امداد واگذار کریں۔
ایل جی نے آج ڈی سی ڈوڈہ کے ساتھ بات کرکے بادل پھٹنے کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ایل جی کو بتایا گیا کہ اس آفت کے دوران کئی مکانات اور دکانوں کو نقصان پہنچا ہے تاہم اس میں کسی جانی نقصان یا کسی کے زخمی ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔
قابل آمدورفت بنانے کے NH-244 منوج سنہا نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ بحالیاتی کام کے ساتھ کام میں تیزی لائیں۔

عمر عبداللہ:

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن کو چالو کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا تاکہ جموں کشمیرکے نوجوانوں کیلئے سمندر پار ممالک میں روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کئے جائیں۔
انہوننے اس موقعہ پر کہا کہ ہُنر مند نوجوانوں کو عالمی سطح کے روزگار کے مواقعوں کے ساتھ جوڑنے کیلئے ایک شفاف اور ٹیکنالوجی پر مبنی ایکو سسٹم وجود میں لایا جانا چاہئے۔
انہوننے کہا کہ نوجوانوں کیلئے محفوظ اور بااعتبار سمندر پار پلیسمنٹ کو یقینی بنانے کی طرف توجہ دی جا نی چاہئے۔

CMملاقات:

اسی دوران سرینگرمیں آج ٹریول ، ٹورازم اور تجارت سے وابستہ کئی وفود نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کرکے ان کی دانست میں اپنے اپنے شعبوں سے جڑے مسائل اور مطالبات لانے کے علاوہ ان سے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔
وزیر اعلیٰ نے سبھی وفود کے معاملات غور سے سن کرانہیں ہر سیکٹر کیلئے ایک مناسب ماحول فراہم کرنے کا سرکار کی طرف سے یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ سیاحتی سیکٹر جموں وکشمیر میں روزگار اور اقتصادی ترقی کے اہم محرکات میں شامل ہے۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ پوتر گپھا میں حاضری دینے والے شردھالوؤں کی تعداد میں اضافہ ہورہاہے۔
تفصیلات کے مطابق آج شام پانچ بجے تک مزید 25ہزار 327یاتریوں نے پوترگپھا میں حاضری دی۔
دریں اثناءیاترا پر آنے والے یاتری جموں کشمیر انتظامیہ کی جانب سے یاترا کے احسن انعقادکی خاطر کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کررہے ہیں۔چند یاتریوں کے تاثرات
...........V/O.......
اس دوران شیو لنگم کے درشن کرنے والے چند یاتریوں نے اپنی خوشی کا اظہار کچھ یوں کیا
...........V/O.......
قافلہ:

دریں اثناءآج 8ہزار 815یاتریوں پر مشتمل ایک اور جتھہ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وای پہنچا۔
ان میں سے 3ہزار 989یاتری بال تل جبکہ 4ہزار 826یاتری پہلگام کے راستے سے شری امرناتھ جی گپھا پہنچ رہے ہیں ۔

ڈی جی پی:

پولیس سربراہ نلین پربھات نے آج ادھمپور میں شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ایک محفوظ اوربلاخلل یاترا یقینی بنانے کیلئے بین ایجنسی تال میل اور مختلف سطحوں پر کوارڈنیشن کی سراہنا کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر پولیس شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کی خاطر تمام تر اقدامات کررہی ہے۔

یاترا پیغام:

اور اب یاترا سے متعلق یہ پیغام۔
عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔
جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔
ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

وقفہ:

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

جاوید رانا:

قبائلی امور اور جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ سرکار ایک عوام دوست صاف و شفاف اور فعال انتظامیہ فراہم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔
وہ آج سرینگر میں ان سے ملنے آئے کئی وفود اور افراد کے مسائل کی سماعت کے دوران اظہار خیال کررہے تھے۔ان وفود نے وزیر کی نوٹس مینکئی توجہ طلب معاملات لائے اور ان کے ازالے کیلئے وزیر کی مداخلت کی ضرورت اجاگر کی۔
دریں اثناءوزیر موصوف نے محکمہ جل شکتی میں نوکری پانے والے 329نئے جونئیر انجینئروں کا اس محکمے کا خیر مقدم کیا۔وزیر نے اپنے فرائض مکمل لگن اور تن دہی کے ساتھ انجام دینے کی تلقین کی۔

غذائی کمیٹی:

غذائی مصنوعات میں ملاوٹ کے معاملات کا جائزہ لینے والی کمیٹی نے آج اس حوالے سے کئی معاملات کا جائزہ لیتے ہوئے اس سلسلے میں وضع کردہ قواعد اور ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کرنے پر زور دیا۔ کمیٹی کے چیئرمین پیرزادہ فاروق احمد شاہ کی صدارت میں منعقدہ میٹنگ کے دوران ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن کے افسروں نے محکمہ کی کارگزاری اور وضع کردہ قواعد وضوابط کے تحت اپنے اختیارات نیز یوٹی بھر میں چلائی جانے والی معائنہ کی مہموں کے بارے میں کمیٹی کے ارکان کو جانکاری دی۔
چیئرمین نے کہا کہ ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن کا راست تعلق صحت عامہ اور عوامی زندگی کے ساتھ ہے ،لہٰذا اس محاذ پر غلطیاں کرنے والوں کو ہرگز نہیں بخشا جانا چاہئے۔

پاسپورٹ:

پاسپورٹ خدمات کی فراہمی کیلئے بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر پاسپورٹ آفس سرینگر کی جانب سے 11جولائی سنیچر وار کو ایک خصوصی مہم چلائی جائے گی۔
مہم کے تحت 11جولائی کو پاسپورٹ سیوا کیندرسرینگر//پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ//اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ میں یہ خدمات اس مہم کے تحت جاری رہیں گی۔

ریجینل پاسپورٹ آفسر سرینگربی ایس راوت نے کہاہے کہ خواہشمند افرادمحکمے کی
ویب سائٹ www.passportindia.gov.in پر Appointment-بُک کراسکتے ہیں

CDF:

جموں وکشمیر حکومت نے کانسٹی چیونسی ڈیولپمنٹ فنڈ کے تصرف کیلئے ضوابط میں ترمیم کی ہے۔
اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے جاری کردہ حکمنامے کے مطابق ممبران اسمبلی کو مہلک بیماریوں میں مبتلا مستحق مریضوں کیلئے ایک سال میں 20لاکھ روپے تک خرچ کرنے کا اختیار دیاگیاہے۔
حکمنامے میں مستحق مریضوں کیلئے شرائط وضع کئے گئے ہینجنہیں پورا کرنا لازمی ہوگا۔

جاوید ڈار:

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج بارہمولہ میں ایک میٹنگ کے دوران روہامہ۔لڈورہ سڑک پروجیکٹ کی الائنمنٹ سے متاثر ہونے والے 26کنبونکے معاملات کا جائزہ لیا۔
انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس علاقے کا دورہ کرکے متاثرہ ڈھابچوں کی جلد از جلد ویلویشن کرائیں۔

نتن گڈکری:

سڑک ٹرانسپورٹ اورشاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ 14کلومیٹر لمبی زوجیلا ٹنل ،سرینگر جموں کاریڈور پر 36 ٹنل ، کیدار ناتھ روپ وے اور کشمیر سے کنیا کماری تک سڑک رابطوں کو دوام بخشنے کیلئے درست لئے گئے پروجیکٹوں سمیت دیگر فلیگ شپ پروجیکٹوں کی بدولت خطوں کے درمیان رابطہ مستحکم ہونے کے ساتھ ساتھ ملک کے ترقیاتی عمل کو بھی دوام حاصل ہواہے۔
نئی دلی میں آج وکست بھارت کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت بنیادی ڈھانچے پر مبنی ترقی کی طرف توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاست سماجی واقتصادی ترقی کا ایک اہم ذریعہ بننا چاہئے۔

چیف سیکرٹری:

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران مرکزی سرکار کی طرف سے اربن چلینج فنڈکے تحت درست لئے جانے والے پروجیکٹوں کی نشاندہی اور شارٹ لسٹنگ کے عمل کا جائزہ لیا۔
چیف سیکرٹری نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اعلیٰ معیار اور مالی اعتبار سے فعال پروجیکٹ منصوبے مرتب کریں تاکہ ان پروجیکٹوں کی تکمیل میں کوئی دقعت پیش نہ آئے۔

فوج:

بھارتی فوج نے کپواڑہ ضلعے کے کیرن سیکٹر میں ایک مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد تلاشی کاروائی کی۔

فوج کے چنار کور کی طرف سے جاری ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ حفاظتی رائفلیں ،9میگزین اور کچھ دیگر AK-عملے نے کاروائی کے دوران ایک کمین گاہ کو تباہ کرکے5 گولی بارود برآمد کیا۔

:بی جے پی

بی جے پی کے قومی صدر نتین نبین نے زور دے کر کہا ہے کہ پارٹی کی اصل مضبوطی اس کی تنظیم اور وقف کارکنان ہیں۔ جمونمیں آج بی جے پی سے وابستہ یوٹی کے پارلیمنٹ ممبران، ممبران قانون سازیہ ، سابق قان ساز کونسل ممبران ، سٹیٹ جنرل سیکٹریٹرز ، سابق ڈی ڈی سیز اور بی ڈی سی ممبران کے ساتھ منعقدہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ پارٹی سے وابستہ منتخبہ نمائندوں اور ممبران کو ایک ٹیم کی حیثیت سے کام کرنا چاہئے تاکہ پارٹی کو بنیادی سطح پر مضبوط بنایا جاسکے۔ میٹنگ میں بی جے پی کے نیشنل جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا ممبر ترن چگ ، پردیش بی جے پی صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما ، مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ، قانون سازیہ میں اپوزیشن کے رہنما سنیل شرما اور سابق نائب وزیراعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ نے شرکت کی۔

:این سی

نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت موجودہ حکومت عوامی فلاح وبہبود کے وعدوں کو عملی جامہ پہنارہی ہے۔
انہوں نے آج چھتہ بل، حبہ کدل ، شالہ کدل، کرفلی محلہ اور دکان سنگین کے علاقوں میں آگ سے متاثرہ 28کنبوں میں مجموعی طور پر 15لاکھ روپے کی امداد تقسیم کی۔
ادھر نیشنل کانفرنس کے صوبائی نائب صدر کشمیر سلمان علی ساگر نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت نے تمام شعبونمیں بہتری اور تعمیر وترقی کے عمل میں قابل ذکر پیشرفت حاصل کی ہے۔
وہ حلقہ انتخاب حضرتبل کے پارٹی عہدیداروں اوریوتھونگ کے کارکنوں کے ایک اجلا س میں بول رہے تھے۔

JDU:

جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے گاندربل یونٹ سے تعلق رکھنے والے ایک وفد نے آج سرینگر میں پارٹی کے پردیش صدر جی ایم شاہین سے ملاقات کی ۔
اس دوران پارٹی کو تنظیمی سطح پر مضبوط کرنے کے معاملات کا جائزہ لیاگیا۔

:سریکلچرل

ڈائریکٹر سری کلچر اعجاز احمد بٹ نے آج اننت ناگ میں غنچہ ابریشم پالنے کے حوالے سے جدید طور طریقوں سے متعلق3روزہ ورکشاپ کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنے سے ریشم کے معیارومقدار میں نمایاں اضافہ ہوسکتاہے۔

:موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر کے اکثر مقامات پر اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30.6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت20.4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت26.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 26 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔